The first Arab-India Energy Forum (June 8-9, 2021)

June 09, 2021

پہلا عرب- ہندوستان توانائی فورم (8-9 جون، 2021)

09 جون، 2021

1- ہندوستان اور مملکت مراکش کی مشترکہ صدارت کے تحت 8-9 جون 2021 کو عرب ہندوستان انرجی فورم (اے آئی ای ایف) کا پہلا ایڈیشن ورچوئل فارمیٹ میں منعقد ہوا۔ یہ پروگرام عرب ہندوستان تعاون فورم (اے آئی سی ایف) کے ایگزیکٹو پروگرام کے نفاذ میں منعقد کیا گیا، اور 12 جنوری 2021 کو ورچوئل طور پر منعقدہ ہندوستان اور لیگ آف عرب اسٹیٹس (ایل اے ایس) کے سینئر عہدیداروں کے تیسرے اجلاس کے فیصلے کے نفاذ میں منعقد کیا گیا۔

2- فورم کے افتتاحی اجلاس سے ہندوستان کے بجلی، نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر مملکت (آزادانہ چارج) عالی جناب آر کے سنگھ نے خطاب کیا، اور اس کے ساتھ ساتھ مراکش کے وزیر برائے توانائی، کان اور ماحولیات عالی جناب عزیز رباح نے بھی اس اجلاس سے خطاب کیا۔ اس کے علاوہ لیگ آف عرب اسٹیٹس (ایل اے ایس) کے معاشی امور کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل عالی جناب ڈاکٹر کمال حسن علی نے بھی اس اجلاس سے خطاب کیا۔ اس کے بعد کے اجلاسوں میں توانائی کی منتقلی، انٹرا علاقائی بجلی تجارت، ہائیڈرو کاربن اور جوہری بجلی کی پیداوار کے شعبوں میں باہمی تعاون کے امکانات اور چیلنجوں کا جائزہ لیا گیا۔ ان سیشنز کے پلینلسٹ میں ہندوستان اور ایل اے ایس کے ممبر ممالک کے سرکاری ونجی شعبے کے مختلف حلقوں کے اکسپرٹ شامل تھے، اور اس کے ساتھ ساتھ عرب پٹرولیم برآمد کرنے والے ممالک کی تنظیم (او اے پی ای سی) اور عرب جوہری توانائی ایجنسی (اے اے ای اے) جیسی اہم علاقائی تنظیموں کے اکسپرٹس شامل تھے۔

3- اس فورم میں مختلف معاشی شعبوں کے لئے توانائی کی بچت کے پروگراموں کے شعبے، نئی اور قابل تجدید توانائی کی تیز رفتار ترقی، علاقائی بجلی کے اشتراک کے انتظامات کو فروغ دینے، تیل کی بازیابی میں اضافہ، ٹائٹ گیس نکالنے اور محفوظ جوہری بجلی کی پیداوار وغیرہ میں علم، مہارت اور بہترین طریقوں کا تبادلہ کیا گیا۔ ان شعبوں کو ریگولیٹ کرنے والی متعلقہ قومی ریگولیٹری پالیسیز کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری کے مواقع اور تحقیق اور ترقی کے علاوہ تربیتی تعاون کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

4- ماہرین نے اس بات کا ذکر کیا کہ گرچہ ہندوستان اور ایل اے ایس کے متعدد ممبر ممالک نے کلین اور گرین توانائی کی معیشتوں کی طرف منتقلی کی کوشش کی ہے، لیکن اس کے باوجود مستقبل قریب میں ہائیڈرو کاربن پر ان کا انحصار برقرار رہے گا۔

5۔ آخر میں، شرکاء نے دونوں وزراء کی مشترکہ صدارت اور فورم کے لئے ان کی اچھی سرپرستی کو سراہا، اور ساتھ ساتھ میں انہوں نے ایل اے ایس کے جنرل سکریٹریٹ کا ایک مستحکم پروگرام پیش کرنے میں ان کے بہترین تعاون کا بھی شکریہ ادا کیا۔

6- انہوں نے سال 2023 کے دوران ہندوستان میں اے آئی ای ایف کا دوسرا ایڈیشن بلانے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

09 جون، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.